سوال

(110) نماز جمعہ کے لئے نمازیوں کی کم ازکم تعداد کتنی ہو

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ اور خطبہ کے لئے نمازیوں کی کم ازکم کتنی تعداد کی شرط ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلہ میں اہل علم میں بہت زیادہ اختلاف ہے، صحیح ترین قول یہ ہے کہ امام کے ساتھ اگر دو نمازی یعنی کل تین ہو جائیں تو نماز جمعہ ہو جائے گی۔ مثلاً اگر کسی بستی میں تین بالغ، آزاد اور مقیم لوگ ہوں تو وہ جمعہ پڑھیں گے، ظہر کی نماز نہیں پڑھیں گے۔ کیونکہ نماز جمعہ کی مشروعیت وفرضیت کے دلائل تین اوران سے زیادہ لوگوں کو شامل ہیں۔

فتاویٰ ابن باز